




ورقِ تازہ
27 March 2026 اداریہ


# پیٹرول بحران، ایک چیلنج

پیٹرول پمپوں پر لگی میلوں لمبی قطاریں اور شہریوں کے چہروں پر پھیلی بے بسی ایک عارضی بحران کی علامت ہی نہیں بلکہ یہ ہمارے انتظامی ڈھانچے کی اس کمزوری کا پردہ چاک کرتی ہے جہاں ذرا سی افواہ یا سپلائی میں معمولی رکاوٹ پورے شہر کا پہیہ جام کر دیتی ہے۔ گزشتہ چند روز سے ریاست کے مختلف اضلاع کے پیٹرول پمپوں پر جو افراتفری کا منظر ہے، اس نے عام آدمی کی زندگی کو اجیرن بنا دیا ہے۔ گھنٹوں دھوپ میں کھڑے رہنے کے بعد جب ایک مزدور یا ملازم کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ پمپ پر ایندھن ختم ہو چکا ہے، تو اس کا غم و غصہ محض پیٹرول کے لیے نہیں بلکہ اس نظام کے خلاف ہوتا ہے جو اسے ایک بنیادی ضرورت کے لیے در بدر کر رہا ہے۔ ناندیڑ ضلع انتظامیہ نے اس بحران پر قابو پانے کے لیے پیٹرول کی خریداری پر جو حد مقرر کی ہے (یعنی بغیر گیئر والی گاڑیوں کو 200 روپے، گیئر والی کو 300 اور چار پہیہ گاڑیوں کو 1500 روپے کا ایندھن) یہ فیصلہ بظاہر نظم و ضبط قائم کرنے کی کوشش نظر آتا ہے، لیکن کیا حکام نے اس کے زمینی اثرات کا ادراک کیا ہے؟ ناندیڑ جیسے ضلع میں، جہاں ہزاروں لوگ روزانہ اپنے روزگار کے لیے میلوں کا سفر طے کرتے ہیں، وہاں 200 یا 300 روپے کا پیٹرول ان کے لیے ایک مذاق سے کم نہیں ہے۔ ایک ڈیلیوری بوائے، ایک آٹو رکشہ ڈرائیور یا ایک عام ملازم جو روزانہ 40-50 کلومیٹر کا سفر طے کرتا ہے، وہ ہر دوسرے دن ان طویل قطاروں میں اپنا وقت ضائع کرنے کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ یہ ''راشننگ'' مسئلے کا حل نہیں بلکہ اسے طول دینے کا ذریعہ بن رہی ہے۔ انتظامیہ کا یہ جواز کہ عالمی حالات (ایران، اسرائیل اور امریکہ کی کشیدگی) کے باعث افواہیں پھیل رہی ہیں اور لوگ ذخیرہ اندوزی کر رہے ہیں، کسی حد تک درست ہو سکتا ہے، لیکن یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ انتظامیہ کا اپنا ''انٹیلی جنس'' اور ''کمیونیکیشن'' نظام کہاں سو رہا تھا؟ اگر سپلائی میں کوئی حقیقی کمی نہیں ہے، تو پمپوں پر پولیس تعینات کرنے سے بہتر تھا کہ سپلائی لائن کو اتنا مضبوط اور شفاف بنایا جاتا کہ عوام میں اعتماد بحال ہوتا۔ جب عام آدمی پمپوں کو سوکھا ہوا دیکھتا ہے اور انتظامیہ صرف ''تحریری احکامات'' جاری کرتی ہے، تو وہ خوف (Panic) کا شکار ہوتا ہے اور یہی خوف افراتفری کو جنم دیتا ہے۔

دیانتداری کا تقاضا ہے کہ ہم یہ تلخ سوال بھی اٹھائیں کہ کیا یہ بحران مصنوعی تو نہیں؟ جب بھی ایسی صورتحال پیدا ہوتی ہے، کالا بازاری کرنے والے عناصر متحرک ہو جاتے ہیں۔ کچھ شہروں میں دگنی قیمت پر پیٹرول کی دستیابی کی خبریں انتظامیہ کی کارکردگی پر ایک سوالیہ نشان ہیں۔ اگر عام پمپوں پر تیل ختم ہے تو پھر گلی کوچوں میں بلیک میں پیٹرول کہاں سے آ رہا ہے؟ کیا انتظامیہ نے ان ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کوئی ٹھوس کارروائی کی ہے؟ محض پابندیاں لگانے سے مسئلہ حل نہیں ہوتا، بلکہ سپلائی چین کی نگرانی اور غیر قانونی فروخت پر سخت گرفت سے حل نکلتا ہے۔ ناندیڑ کی عوام اس وقت ایک عجیب و غریب امتحان سے گزر رہی ہے۔ ایک طرف بڑھتی ہوئی مہنگائی کا بوجھ ہے اور دوسری طرف اب اپنی ہی رقم سے اپنی ضرورت کا پیٹرول خریدنے کے لیے بھیک مانگنے جیسی صورتحال ہے۔ انتظامیہ کو یہ سمجھنا ہوگا کہ پیٹرول کوئی عیاشی نہیں بلکہ آج کے دور میں زندگی کی گاڑی چلانے کے لیے ناگزیر ہے۔ 1500 روپے میں چار پہیہ گاڑی کا ٹینک بمشکل تہائی حصہ ہی بھر پاتا ہے، کیا ایک کسان جو دور دراز گاؤں سے شہر آتا ہے یا کوئی بیمار کو ہسپتال لے جانے والا شخص، اس محدود مقدار میں اپنی ضرورت پوری کر سکے گا؟ اس بحران کا ایک اور تکلیف دہ پہلو وہ معاشی نقصان ہے جو ناندیڑ کے چھوٹے تاجروں اور روزانہ اجرت پر کام کرنے والوں کو اٹھانا پڑ رہا ہے۔ جب ایک آٹو رکشہ ڈرائیور آدھا دن پیٹرول کی لائن میں گزار دیتا ہے، تو اس کے گھر کا چولہا ٹھنڈا ہونے لگتا ہے۔ انتظامیہ کے 200 یا 300 روپے کے پیٹرول کے کوٹے میں وہ بمشکل چند ہی پھیرے لگا پاتا ہے، جس کا براہِ راست اثر اس کی یومیہ کمائی پر پڑتا ہے۔ کیا حکومت یا ضلعی حکام نے کبھی سوچا ہے کہ ان کے ایک ''کاغذی فیصلے'' سے کتنے خاندانوں کی معیشت درہم برہم ہو رہی ہے؟ پیٹرول کی یہ محدود سپلائی صرف ٹینک نہیں بھرتی، بلکہ غریب کی محنت اور وقت کو بھی نگل رہی ہے۔ تعجب کی بات یہ ہے کہ ایک طرف ڈیجیٹل انڈیا اور تیز رفتار ترقی کے دعوے کیے جاتے ہیں، اور دوسری طرف ایک ضلع کا پورا انتظامی ڈھانچہ ایندھن کی سپلائی برقرار رکھنے میں بے بس نظر آتا ہے۔ سوشل میڈیا پر گردش کرتی افواہوں نے جلتی پر تیل کا کام کیا ہے، لیکن اس انفارمیشن وار میں انتظامیہ کا میڈیا سیل مکمل طور پر خاموش نظر آیا۔ جب عوام کو معتبر ذرائع سے حقیقت کا پتہ نہیں چلتا، تو وہ لاشعوری طور پر واٹس ایپ یونیورسٹی کی افواہوں پر یقین کر لیتے ہیں۔ ناندیڑ انتظامیہ کو چاہیے تھا کہ وہ ہر گھنٹے بعد پمپوں کی صورتحال اور اسٹاک کی موجودگی کا ڈیٹا پبلک کرتی تاکہ لوگ گھبراہٹ میں آ کر اسٹاک جمع نہ کرتے۔ شفافیت کی اسی کمی نے آج ضلع بھر میں ایک مصنوعی قحط کی سی کیفیت پیدا کر دی ہے۔ وقت کا تقاضا ہے کہ ناندیڑ ضلع انتظامیہ محض ٹیبل ورک اور راشننگ کے احکامات سے باہر نکل کر عملی اقدامات کرے۔ تیل کمپنیوں کے ساتھ ہنگامی بنیادوں پر رابطہ کر کے پیٹرول اور ڈیزل کی وافر مقدار کو یقینی بنایا جائے۔ عوام کو صرف یہ نہ کہا جائے کہ ''افواہوں پر یقین نہ کریں''، بلکہ پمپوں پر تیل کی فراہمی کو یقینی بنا کر یہ ثابت کیا جائے کہ حالات قابو میں ہیں۔ انتظامیہ کو اپنی ترجیحات بدلنی ہوں گی، پابندیاں لگانا آسان ہے، لیکن عوام کو سہولت فراہم کرنا اصل حکمرانی ہے۔ اگر جلد ہی صورتحال پر قابو نہ پایا گیا تو حالات مزید خراب ہو سکتے ہیں، جس کی تمام تر ذمہ داری انتظامیہ کی نااہلی پر ہوگی۔

# 'جہنم برپا' کرنے کی دھمکیاں اور 'مذاکرات' پر ابہام:
# امریکہ کے 15 مطالبات اور تہران کی 5 شرائط کیا ہیں؟

پالین کولا



ایران کے وزیرِ خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ اُن کا ملک اس وقت امریکہ کے ساتھ جنگ ختم کرنے کے لیے کسی قسم کے مذاکرات نہیں کر رہا ہے اور نہ ہی اس کا ارادہ رکھتا ہے۔ ایرانی وزیرِ خارجہ کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب وائٹ ہاؤس کی پریس سکریٹری کیرولین لیویٹ نے دعویٰ کیا تھا کہ بات چیت 'جاری' ہے اور یہ 'نتیجہ خیز' ہے۔ ایرانی وزیرِ خارجہ نے امریکہ کی جانب سے بھجوائے گئے 15 نکات کا ذکر کرتے ہوئے تصدیق کی کہ امریکہ نے 'دوست ممالک' کے ذریعے ایران کو پیغامات بھجوائے ہیں، لیکن پیغامات کا یہ تبادلہ مذاکرات یا کوئی گفت و شنید نہیں ہے۔ یہ جنگ 28 فروری کو امریکہ اور اسرائیل کے فضائی حملوں سے شروع ہوئی جس کے بعد ایران نے خلیج میں امریکی اتحادیوں کو نشانہ بنانے کا سلسلہ شروع کیا۔ اسرائیل کے 'چینل 12' کے مطابق ایران کو جنگ بندی کے لیے کئی مطالبات پورے کرنا ہوں گے۔ چینل کے مطابق یہ وہی بنیادی مطالبات ہیں، جو جنگ شروع ہونے سے قبل امریکہ کی جانب سے دہرائے گئے تھے۔ ان میں ایران کو جوہری صلاحیت حاصل کرنے سے روکنا اور میزائل پروگرام کو ختم کرنا ہے۔ ایران مسلسل یہ کہتا رہا ہے کہ وہ جوہری ہتھیار نہیں بنا رہا۔ تجاویز میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ ایران کو چاہیے کہ وہ کبھی بھی جوہری ہتھیاروں کے حصول کا عزم نہ کرے۔ جوہری تنصیبات کو ختم کرنے کا عہد کرے اور اپنے پاس موجود یورینیم کو افزودہ نہ کرے اور اس معاملے پر عالمی جوہری توانائی ایجنسی کے ساتھ تعاون کرے۔ تجاویز کے مطابق ایران اپنے میزائل پروگرام کی رینج اور مقدار محدود کرنے پر رضامند ہو جبکہ علاقائی پراکسیز لبنان میں حزب اللہ، غزہ میں حماس اور یمن میں حوثی باغیوں کی مالی مدد بند کرے۔ تجاویز میں ایران کو آبنائے ہرمز دوبارہ کھولنے کا بھی کہا گیا ہے، تاکہ یہ ایک آزاد سمندری راہداری کے طور پر کام کر سکے۔ آبنائے ہرمز کی بندش کی وجہ سے دُنیا میں تیل اور گیس کی قیمتوں میں اضافہ ہو گیا ہے اور اس نے عالمی معیشت میں کساد بازاری کے خدشات کو بڑھایا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اگر ایران یہ تمام مطالبات مان لیتا ہے تو پھر اس پر سے بین الاقوامی پابندیاں ہٹا دی جائیں گی۔ گذشتہ نومبر میں ایران کی جانب سے اس کے متعدد جوہری مراکز اور فوجی اڈوں پر اسرائیل اور امریکی بمباری کے بعد ایران نے جوہری تنصیبات کے معائنے کا عمل معطل کر دیا تھا۔ اس معاملے پر تفصیلات کی تصدیق کے لیے پوچھے گئے سوال پر وائٹ ہاؤس کی پریس سکریٹری کیرولین لیویٹ نے ان تجاویز کی مکمل تصدیق کرنے سے گریز کرتے ہوئے کہا تھا کہ اُس میں سے کچھ درست ہیں، لیکن جو میڈیا میں کہانیاں سامنے آ رہی ہیں، وہ حقائق پر مبنی نہیں ہیں۔

ایران کے وزیرِ خارجہ نے تصدیق کی تھی ملک کے سینئر رہنماؤں کو کچھ 'خیالات' پیش کیے گئے ہیں، تاہم اگر اس حوالے سے کسی پوزیشن لینے کی ضرورت محسوس ہوئی تو ضرور بتایا جائے گا۔ کیا ٹرمپ ایران جنگ سے نکلنے کی کسی حکمتِ عملی کے بہت قریب ہیں؟ امریکی صدر ایران جنگ کو ختم کرنے کے لیے کسی راستے کی تلاش میں بہت دلچسپی ظاہر کر رہے ہیں، جسے وہ جنگ کو 'سمیٹنا' کہتے ہیں۔ لیکن اس جنگ سے باہر نکلنے کے لیے صدر ٹرمپ کی حکمت عملی واضح نہیں ہے اور امریکی صدر کے ملے جلے پیغامات سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس بارے میں تاحال کوئی حتمی فیصلہ نہیں کر سکے کہ کون سی حکمت عملی بہتر ہوگی۔ آیا اس جنگ کو جلد از جلد ختم کیا جائے یا ایران کے ساتھ بات چیت کے ذریعے کسی تصفیے تک پہنچا جائے۔ منگل کے روز، ٹرمپ نے اشارہ دیا کہ امریکہ ایک ساتھ دونوں منصوبوں پر عمل کر سکتا ہے۔ چند گھنٹوں میں، پینٹاگون نے ایران میں زمینی فوج بھیجنے کا حکم دیا اور امریکی مذاکرات کاروں نے ایرانی حکومت کو ایک نیا 15 نکاتی منصوبہ بھیجا۔ بدھ تک، وائٹ ہاؤس ایران پر زور دے رہا تھا کہ وہ اس معاہدے کو قبول کرلے جبکہ یہ دھمکی دے رہا تھا کہ اگر ایسا نہ کیا گیا تو اس ملک کو پہلے سے زیادہ سخت ضرب لگائیں گے، جس سے ٹرمپ کے ارادوں کے بارے میں مزید الجھن پیدا ہوتی ہے۔ وائٹ ہاؤس کی پریس سکریٹری کیرولین لیویٹ نے صحافیوں سے گفتگو میں خبردار کیا تھا کہ 'صدر ٹرمپ کوئی جھوٹا دعویٰ نہیں کرتے وہ ایران پر 'جہنم برپا' کرنے کے لیے تیار ہیں اور اس معاملے پر ایران کو کوئی غلط اندازہ نہیں لگانا چاہیے۔' ایرانی وزیرِ خارجہ کی جانب سے مذاکرات سے متعلق بیان سے چند گھنٹے قبل ایران کے پریس ٹی وی نے ایک 'نامعلوم سینئر سکیورٹی اور سیاسی شخصیت' کا حوالہ دیتے ہوئے جنگ بندی کے لیے پانچ تجاویز پیش کی تھیں۔ ان تجاویز میں 'جارحیت اور ایرانی رہنماؤں کے قتل' کا سلسلہ روکنے کا مطالبہ بھی شامل ہے۔ اسرائیل کے وزیر اعظم نیتن یاہو کئی مواقع پر کہہ چکے ہیں کہ وہ اس جنگ کے دوران 'آکٹوپس کا سر کاٹنے کا ارادہ' رکھتے ہیں۔ جنگ کے بعد پہلے دن سے لے کر اب تک سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای سمیت کئی اعلیٰ ایرانی اہلکار ہلاک ہو چکے ہیں۔ ایران کی یہ بھی شرط ہے کہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے بھی کوئی طریقہ کار بنایا جائے، جس کے تحت ایران پر دوبارہ جنگ مسلط نہ کی جائے۔ تاہم یہ واضح نہیں ہے کہ اس حوالے سے کیا ضمانتیں فراہم کی جا سکتی ہیں اور کون سے ممالک اس عمل کی نگرانی کریں گے۔ اقتصادی محاذ پر ایران جنگی نقصانات کے ازالے اور معاوضے کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ آبنائے ہرمز پر مکمل طور پر اپنا کنٹرول برقرار رکھنے کا مطالبہ کر رہا ہے۔ اہم بات یہ ہے کہ تہران چاہتا ہے کہ اسرائیل خطے میں ایرانی اتحادیوں پر حملے بند کرے۔ اسرائیل نے حزب اللہ کے خلاف اپنی مہم کو تیز کرتے ہوئے منگل کو اعلان کیا ہے کہ اس کی فوج لبنان کے اندر وسیع بفر زون میں اس وقت تک رہے گی جب تک کہ شمالی اسرائیل پر حملے بند نہیں ہو جاتے۔ منگل کو صدر ٹرمپ نے کہا تھا کہ ایران بات چیت کے لیے بے چین ہے اور ایرانی مذاکرات کاروں نے امریکہ کو ایک 'بہت ہی زبردست تحفہ' بھی دیا ہے۔ امریکی صدر نے اس 'تحفے' کو تیل اور گیس سے منسلک قرار دیا تھا، تاہم اس حوالے سے مزید تفصیلات فراہم نہیں کی تھیں۔ جنگ کے خاتمے کے لیے ہونے والے مذاکرات کی قیادت ٹرمپ کے مشرق وسطیٰ کے لیے ایلچی سٹیو وٹکوف اور صدر کے داماد جیرڈ کشنر کریں گے۔ رپورٹ ہونے والی امریکی تجاویز اس امن منصوبے سے ملتی جلتی ہیں، جس نے غزہ میں اسرائیل اور حماس کے درمیان دو برس سے جاری جنگ کو ختم کیا تھا۔ اگر اس نوعیت کی تجاویز کو آگے بڑھانا ہے تو اس سے قبل جنگ بندی کا اعلان درکار ہوگا۔ اسرائیل کے 'چینل 12' کے مطابق اسرائیلی رہنما اس موقع پر ایران پر حملے روکنے پر خوش نہیں ہوں گے، بالکل اسی طرح جب اُنھوں نے غزہ میں جنگ بندی کے وقت اپنے تحفظات کا اظہار کیا تھا۔ اسرائیل کے معاشی اُمور کے وزیر نیر برکات نے بی بی سی کو بتایا کہ 'یہ بہت مشکل ہے کہ ایران، ٹرمپ کی شرائط کو تسلیم کر لے۔' رپورٹس کے مطابق ٹرمپ کی تجاویز پاکستان کی جانب سے ایران کو دی گئیں جبکہ ترکی اور مصر بھی جنگ کے خاتمے کی کوششوں میں شامل ہیں۔ مصر کے وزیرِ خارجہ نے بدھ کے روز کہا کہ ان کا اپنے ایرانی ہم منصب عراقچی کے ساتھ بات ہوئی ہے۔ ٹرمپ نے یہ نہیں کہا کہ امریکہ کس سے بات کر رہا ہے، لیکن صرف یہ کہا ہے کہ وہ 'صحیح لوگ' ہیں۔ ایران کے نئے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای اپنے والد پر ہونے والے حملے میں زخمی ہونے کے بعد سے اب تک عوامی سطح پر سامنے نہیں آئے۔ ان کے بارے میں خیال کیا جاتا ہے کہ وہ ان کوششوں سے آگاہ ہیں۔ موجودہ ایرانی قیادت امریکہ کے ساتھ کسی بھی قسم کی بات چیت سے گریز کا تاثر دے رہی ہے۔ اسی اثنا میں امریکی فوج بھی خطے میں بھیجے جا رہے ہیں، جس سے یہ تاثر دیا جا رہا ہے کہ شاید وہ آبنائے ہرمز کھلی رکھنے اور ایران کے کسی علاقے پر قبضے کے لیے استعمال میں لائے جائیں گے۔

# سورۃ المعارج: ایک مختصر تعارف


محمد عبدالحفیظ اسلامی
سینئر کالم نگار و خطیب مسجد صالحہ قاسمؒ حیدرآباد
9849099228




کلام مجید کی یہ سورۃ "المعارج" مکی سورتوں میں شامل ہے، فہرست کے مطابق یہ 70 ستر ویں سورت ہے اور اس کا نام آیت نمبر 3 کے لفظ ''ذی المعارج'' سے ماخوذ ہے۔ اس میں 44 آیات کریمہ اور دو رکوع آئے ہیں! یہ سورۃ بھی تقریباً وہی حالات میں نازل ہوئی جو 'سورۃ الحاقہ' کے وقت موجود تھے، یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت تو شروع ہو چکی تھی مگر اس میں زیادہ شدت پائی نہیں جاتی تھی۔ مذکورہ بالا سورت میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے جو بات ارشاد فرمائی ہے یہ دراصل کفار مکہ کے اس چیلنج کا جواب ہے جو اُنھوں نے حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیا کرتے تھے، کہ اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) لے آؤ وہ قیامت جس سے تم ہمیں ڈراتے ہو یعنی تمہیں جھٹلا کر واقعی ہم عذاب کے مستحق ہو گئے ہیں!؟ اگر تم اس میں سچے ہیں تو قیامت کی گھڑی کیوں نہیں آتی۔۔؟ حضرت مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی علیہ الرحمہ، اس سورہ کی پہلی آیت "سَاَلَ سَآئِلٌۢ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ" کے سلسلہ میں لکھتے ہیں کہ "اصل الفاظ ہیں سال سآئل۔ بعض مفسرین نے یہاں سوال کو پوچھنے کے معنی میں لیا ہے اور وہ آیت کا مطلب یہ بیان کرتے ہیں کہ پوچھنے والے نے پوچھا ہے کہ وہ عذاب، جس کی ہمیں خبر دی جا رہی ہے، کس پر واقع ہوگا؟ اور اللہ تعالیٰ نے اس کا جواب یہ دیا ہے کہ وہ کافروں پر واقع ہوگا۔ لیکن اکثر مفسرین نے اس جگہ سوال کو مانگنے اور مطالبہ کرنے کے معنی میں لیا ہے۔ نسائی اور دوسرے محدثین نے ابن عباسؓ سے یہ روایت نقل کی ہے اور حاکم نے اس کو صحیح قرار دیا ہے کہ نضر بن حارث بن کلدہ نے کہا تھا اللھم ان کان ھذا ھو الحق من عندك فامطر علینا حجارۃ من السماء اوئتنا بعذاب الیم۔ (الانفال، آیت 32)" خدایا اگر یہ واقعی تیری طرف سے حق ہے تو ہم پر آسمان سے پتھر برسا دے یا ہم پر دردناک عذاب لے آ "۔ اس کے علاوہ متعدد مقامات پر قرآن مجید میں کفار مکہ کے اس چیلنج کا ذکر کیا گیا ہے کہ جس عذاب سے تم ہمیں ڈراتے ہو وہ لے کیوں نہیں آتے۔ مثال کے طور پر حسب ذیل مقامات ملاحظہ ہوں یونس، آیات 46 تا 48، الانبیاء 36 تا 41، النمل، 67 تا 72، سبا، 26 تا 30، یسین، 45 تا 52۔ الملک، 24 تا 27 "۔ (حوالہ سورہ معارج حاشیہ 1 تفہیم القرآن)

بات دراصل یہ کہ مخبر صادق صلی اللہ علیہ وسلم اپنی دعوت میں اس بات کا ذکر فرمایا کرتے تھے کہ ایک دن قیامت آنے والی ہے!، آخرت کی زندگی یقینی ہے!۔ نیک بندوں کیلئے جنت ہے اور بدکار و نافرمان لوگوں کے لئے جہنم کا عذاب ہے۔ آپؐ کے ان ارشادات کا، کفار مکہ مذاق اُڑایا کرتے تھے لہٰذا اس سورت میں ان لوگوں کو تنبیہ اور نصیحت فرمائی، تاکہ یہ ہوش میں آئیں اور اپنی فکر و نظر میں صالح تبدیلی لائیں۔ چنانچہ ابتدائی طور پر یہ بات واضح کر دی گئی کہ جو لوگ عذاب مانگتے ہیں یہ (عذاب کا انکار کرنے والوں پر) بالضرور واقع ہو کر رہے گا اور جب یہ آجائے اس وقت اسے دفع کرنے والا کوئی نہیں جس کا ذکر آیت کریمہ (2) میں اس طرح آیا کہ "لِلْكٰفِرِينَ لَيْسَ لَهٗ دَافِعٌ" (وہ سن لے) یہ تیار ہے کفار کے لئے، اسے ٹالنے والا کوئی نہیں۔ آیت کریمہ (3) میں اللہ تعالیٰ کی اپنی قوت و عظمت کا مضمون ہے جو صرف دو جملوں "مِنَ اللّٰهِ ذِي الْمَعَارِجِ" میں بیان ہوا کہ دیکھو یہ (نافرمانوں کے لیے جو تکلیف دہ گھڑی آنے والے اسے بھیجنے والی کوئی ضعیف یا معمولی ہستی نہیں ہے! بلکہ "مِنَ اللّٰهِ ذِي الْمَعَارِجِ" یہ اللہ کی طرف سے ہے، جو عروج کے زینوں کا مالک ہے.....!!! حضرت علامہ پیر محمد کرم شاہ علیہ الرحمہ لکھتے ہیں کہ ''یہ عذاب نازل کرنے والا کوئی کمزور اور ضعیف شخص نہ ہوگا جس کو نیچا دکھا سکتے ہیں، بلکہ یہ عذاب اللہ جل مجدہٗ کی طرف سے ہوگا۔ وہ اللہ تعالیٰ جو مَعَارِج کا مالک ہے۔'' لفظ "معارج" کا خلاصہ فرماتے ہوئے لکھتے ہیں۔ "مَعَارِج عروج سے ہے۔ عروج کا معنی بلند ہونا، اونچا ہونا ہے اس سے اسم آلہ معراج اور مِعرَج ہے۔ اسی کی جمع مَعَارِج اور مَعَارِیج ہے۔ ان کا معنی سیڑھیاں، زینے جن کے ذریعہ انسان اوپر چڑھتا ہے۔ حضرت ابن مسعودؓ فرماتے ہیں معارج سے مراد آسمان ہے؛ کیونکہ وہ بھی زینوں کی طرح درجہ بدرجہ ایک دوسرے کے اوپر ہیں۔ قال ابن مسعود ذی المعارج ای ذی السموات۔ یا معارج سے مراد وہ مراتب و مدارج ہیں جو فرشتوں کو عطا کیئے گئے ہیں اور جب معارج کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف ہو تو اس سے مراد وہ شان اور وہ عظمت ہے جو اسکی شان اقدس کی شایان ہے"۔ اور روح سے مراد جبریل امین ہیں (ضیاءُ القرآن حاشیہ 2) اور آگے ارشاد فرمایا کہ "تَعْرُجُ الْمَلٰٓئِكَةُ....خَمْسِينَ اَلْفَ سَنَةٍ" (آیت 4) ملائکہ اور روح اس کے حضور چڑھ کر جاتے ہیں، ایک ایسے دن میں جس کی مقدار پچاس ہزار سال ہے) مولانا مودودی رحمہ اللہ: اس سلسلہ میں عام فہم تشریح یوں فرمائی کہ "روح سے مراد جبریلؑ ہیں اور ملائکہ سے الگ انکا ذکر، ان کی عظمت پر دلالت کرتا ہے۔ سورۃ شعراء میں فرمایا گیا ہے کہ نزل بہ الروح الامین علی قلبک (اس قرآن کو روح امین لے کر تمہارے دل پر نازل ہوئے ہیں)۔ اور سورۃ بقرہ میں ارشاد ہوا ہے قل من کان عدوا لجبریل فانہ نزلہ علی قلبک (کہو کہ جو شخص جبریل کا اس لیے دشمن ہو کہ اس نے یہ قرآن تمہارے قلب پر نازل کیا ہے۔۔) ان دونوں آیتوں کو ملا کر پڑھنے سے معلوم ہو جاتا ہے کہ روح سے مراد جبریل ہی ہیں"

"یہ سارا مضمون متشابہات میں سے ہے، جس کے معنی متعین نہیں کیے جاسکتے۔ ہم نہ فرشتوں کی حقیقت جانتے ہیں، نہ ان کے چڑھنے کی کیفیت کو سمجھ سکتے ہیں، نہ یہ بات ہمارے ذہن کی گرفت میں آسکتی ہے کہ وہ زینے کیسے ہیں جن پر فرشتے چڑھتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ کے بارے میں بھی یہ تصور نہیں کیا سکتا کہ وہ کسی خاص مقام پر رہتا ہے، کیونکہ اس کی ذات زمان و مکان کی قیود سے منزہ ہے" "سورۃ حج، آیت 47 میں ارشاد ہوا ہے" یہ لوگ تم سے عذاب کے لیے جلدی مچا رہے ہیں۔ اللہ ہرگز اپنے وعدے کے خلاف نہ کرے گا، مگر تیرے رب کے ہاں کا ایک دن تمہارے شمار کے ہزار برس کے برابر ہوا کرتا ہے۔" سورۃ السجدہ، آیت 5 میں فرمایا گیا ہے" وہ آسمان سے زمین تک دنیا کے معاملات کی تدبیر کرتا ہے، پھر (اس کی روداد) اوپر اس کے حضور جاتی ہے ایک ایسے دن میں جس کی مقدار تمہارے شمار سے ایک ہزار سال ہے"۔ اور یہاں عذاب کے مطالبہ کے جواب میں اللہ تعالیٰ کے ایک دن کی مقدار پچاس ہزار سال بتائی گئی ہیں، پھر رسول اللہ ﷺ کو تلقین کی گئی ہے کہ جو لوگ مذاق کے طور پر عذاب کا مطالبہ کر رہے ہیں ان کی باتوں پر صبر کریں اور اس کے بعد فرمایا گیا ہے کہ یہ لوگ اس کو دور سمجھتے ہیں اور ہم اسے قریب دیکھ رہے ہیں۔ ان سب ارشادات پر مجموعی نگاہ ڈالنے سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ لوگ اپنے ذہن اور اپنے دائرہ فکر و نظر کی تنگی کے باعث خدا کے معاملات کو اپنے وقت کے پیمانوں سے ناپتے ہیں اور انہیں سو پچاس برس کی مدت بھی بڑی لمبی محسوس ہوتی ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ کے ہاں ایک ایک اسکیم ہزار ہزار سال اور پچاس پچاس ہزار سال کی ہوتی ہے۔ اور یہ مدت بھی محض بطور مثال ہے، ورنہ کائناتی منصوبے لاکھوں اور کروڑوں اور اربوں سال کے بھی ہوتے ہیں۔" (ت ق، حاشیہ 3 تا 5) عبد بن حمید نے حسنؓ سے روایت کیا کہ وہ دن ان (نیک بندوں) پر ایک فرض نماز کی طرح ہو جائے گا۔ یعنی وہ پچاس ہزار کا دن ایک فرض نماز کے پڑھنے کے وقت کے برابر ہو جائے گا۔ ابن ابی حاتم والحاکم و بیہقی نے البعث میں ابو ہریرہؓ سے امرفوعاروایت کیا ہے کہ قیامت کا دن ایمان والوں پر ااا صرف اتنا لمبا ہوگا جتنا ظہر اور عصر کے درمیان وقت ہے۔ (حاشیہ 26 اور 27، تفسیر درمنثور، امام جلال الدین السیوطی) پھر آگے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف روئے سخن ہے کہ آپ ان (منکرین) کی طرف سے مذاق اُڑائے جانے پر صبر کیجئے۔ فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِيْلًا، اصل بات یہ ہے کہ (منکرین حق) لوگ عذاب الٰہی کو دور سمجھتے ہیں اور ہم اسے قریب دیکھ رہے ہیں۔ بہ الفاظ دیگر یہ لوگ اسے بعید از امکان سمجھتے ہیں اور ہمارے نزدیک وہ قریب الوقوع ہے۔ قاضی ثناءاللہ پانی پتیؒ لکھتے ہیں کہ، "فاصبر صبرا جمیلا" (پس اے محمدؐ تکذیب کفار پر خوبی کے ساتھ صبر کرو۔)

کافروں کی طرف سے سوال (اور مطالبہ عذاب)۔۔۔۔۔۔ سے تنگ دل نہ ہوں اور ان پر عذاب آنے کی جلدی نہ کریں۔ اس وقت مطلب یہ ہوگا کہ آپ صبر کریں، عذاب ان کو بہالے جائے گا۔ عذاب کا وقت قریب ہے۔ (تفسیر مظہری)

آگے کا مضمون قیامت کے ہولناکیوں کے تذکرہ سے لبریز ہے اور اس میں یہ بتلایا گیا ہے کہ یہ (منکر قیامت) لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے قیامت لے آنے کی جلدی کر رہے ہیں۔ یہ ان کی ہنسی و کھیل ہے۔ ہاں ان کو یہ بات یاد رکھنی ہے کہ وہ دن بڑا ہی سختی والا ہوگا! کیونکہ یہ چیز ہی ایسی ہے اس دن مجرمین کا برا حشر ہوگا؛ یعنی ان کی حالت ایسے موقع پر یہ ہوگی کہ "اور کوئی جگری دوست کسی جگری دوست کا حال نہ پوچھے گا" (آیت 10) یعنی یہ ایسا نازک موقع ہوگا کہ ہر شخص کو اپنی ہی فکر لاحق رہے گی، کسی اور کی خیریت معلوم کرنے کا کسی کو ہوش ہی نہ رہے گا، حالانکہ یہ ایک دوسرے کو دکھا ے جائیں گے۔ بلکہ ہر ہر مجرم یہ تمنا کرے گا کہ کاش "يَوَدُّ الْمُجْرِمُ....يَوْمِئِذٍۢ بِبَنِيهِ" (آیت 11) "وَصَاحِبَتِهٖ وَاَخِيهِ" (آیت 12) "وَفَصِيلَتِهِ الَّتِي تُـْٔوِيهِ" آیت (13) "وَمَن فِي الْاَرْضِ جَمِيعًا ثُمَّ يُنجِيهِ" (آیت 14) یہ اپنے پسندیدہ اور دل کو پیارے لگنے والے بچوں اور اپنی چہیتی بیوی اور اپنے قریب ترین رشتہ داروں کو تک فدیہ میں دے کر اللہ کے عذاب سے بچنے کی کوشش کریں گے صرف اتنا ہی نہیں بلکہ اگر اس کا وہاں بس چلے تو جتنے لوگ زمین میں ہیں سب کو فدیہ دے کر چھٹکارا پالینے سے بھی دریغ نہیں کریں گے؛ پھر آخر کار کیا ہوگا۔۔۔؟ فرمایا "كَلَّا اِنَّهَا لَظٰى" (آیت 15)، مگر مشرک پھر بھی اپنی اس سعی میں ناکام ہو کر رہے گا۔ اصل میں یہاں کلا لفظ ہی مشرک کو بھڑکتی آگ سے بچنے کی تمنا سے روکنا مقصود ہے کہ ہرگز انکی تمنا پوری نہیں ہوگی وہ تو بھڑکتی ہوئی آگ ہے۔ مستفاد (تفسیر مظہری) اس کے بعد کا مضمون دو گروہ کے تذکرہ کے ساتھ آگے بڑھتا ہے یعنی دو طرح کے لوگوں کے کردار اور ان کے نتیجے بیان فرمائے گئے۔ پہلا گروہ مجرمین کا ہے جو حق سے منہ موڑ کر اپنی من مانی کی ہوگی اور مال و دولت جمع کر کے رکھا (بخل سے کام لیا) ایسے لوگوں کے لئے جہنم کی بھڑکتی آگ ہے، "نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰى" وہ، (ظالموں کے) گوشت پوست کو نوچ لے گی؛ تَدْعُوْا....وَتَوَلّٰى آیت 17 پکار پکار کر اپنی طرف بلائے گی، ہر اس شخص کو جس نے حق سے منہ موڑا اور پیٹھ پھری یعنی جو دنیا میں حق سے فراری اختیار کی، اللہ کے رسول کی ہدایات کی پرواہ نہ کی تھی! انکی ایک اور بیماری کا بھی ذکر ہوا، وہ یہ کہ "وَجَمَعَ فَاَوْعٰى" مال جمع کرنا سنبھال و سنیت کر رکھنا وغیرہ، یہ دراصل انسان کے دنیا پرست ہونے اور لالچی پن و مرضِ بخل کو ظاہر کرتا ہے، پھر آگے تین آیات میں یہ بات آئی ہے (۱) "اِنَّ الْاِنسَانَ خُلِقَ هَلُوعًا" (آیت 19) ان میں نوع انسانی کی عام اخلاقی کمزوری کا ذکر ہے کہ وہ "هَلُوع" یعنی وہ حریص، جو حلال و حرام کی تمیز نہ کرے، چاہے جس طرح بھی اخلاقی پستی انسانی شرافت کو پامال کرنا پڑے، ہر حال میں وہ مال و دولت جمع کرنے میں منہمک ہو کر مادی اشیاء سے چپکے رہتا ہے....! (۲) "اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوعًا" جب اسے تکلیف پہنچے تو سخت گھبرا جانے والا۔ اسکا دوسرا نقص یہ کہ وہ "جَزُوع" ہے یعنی اسکی گھبراہٹ و بے صبری کا عالم یہ کہ اسکی زندگی میں جب مصائب کی گھٹا چھانے لگے تو اسکے اوسان خطا ہونے لگتے ہیں اور امید کی کوئی کرن نظر نہیں آتی۔ اسکا تیسرا (۳) نقص یہ کہ "وَاِذَا ....مَنُوعًا" (آیت 21) اور جب اسے دولت ملے تو حد درجہ بخیل ہو جاتا ہے...! یعنی نعمت پاتے ہی بخل میں مبتلا ہو کر اپنے نزدیک یہ سمجھنے لگتا ہے کہ اس پر صرف اسی کا حق ہے...! نتیجتاً نوع انسانی کی "خدمت" اور دنیا کے اخلاقی و روحانی "بگاڑ" کو دور کرنے کے لئے مال خرچ کرنے سے کترانے لگ جاتا ہے۔ اور یہ انسانی کمزوری اور اخلاق افلاس اور بخالت اسی وقت دور ہو سکتی ہے، جب آدمی الٰہی و نبوی تعلیم پر عمل پیرا ہو جائے۔ یہاں سے آیت کریمہ (35) تک اسکی تفصیل بیان فرما دی گئی، جسکا آغاز نماز پڑھنے والوں کے ذکر سے ہوتا ہے اور نماز کی حفاظت پر ختم ہوتا ہے۔ جنہیں خوش نصیب بندوں میں شمار کیا جائے گا، جن کے اندر یہ اور یہ اعلیٰ کردار ہوں گے۔ مثلاً اللہ کے خوف کے ساتھ زندگی بسر کی، آخرت کو حق جانا، نماز کی پابندی کی، اپنے مال سے راہ اللہ، خدا کے مستحق بندوں کی مدد کی اور ان کا حق ادا کیا۔ بدکاریوں سے اپنی زندگی کو پاک رکھا اور امانت میں خیانت نہیں کی ہوگی۔ یعنی جو اپنی امانتوں کی حفاظت اور اپنے عہد کا پاس و خیال کرتے ہیں، اپنی گواہیوں کے معاملہ میں کمی بیشی نہیں کرتے اور نہ اسے چھپاتے ہیں اور ان کی ایک خاص بات کا ذکر کیا گیا کہ یہ اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں یعنی یہ صرف نماز ادا ہی نہیں کرتے بلکہ اس کے پورے احترام و آداب کے ساتھ لازمی طور پر (اپنے اہل عیال کے ساتھ) اہتمام کرتے ہیں، گویا کتاب و سنت پر چل کر اپنے اندر اعلیٰ صفات پیدا کرنے والے لوگ "اُولٰٓئِكَ فِي جَنّٰتٍ مُّكْرَمُونَ" عزت و اکرام کے ساتھ جنت کے باغوں میں رہیں گے۔ (آیت 35) خلاصہ یہ کہ انسان کے اندر جو نقائص و کمزوریاں پائی جاتی ہیں، یہ سب اعمال صالحہ پر چلنے اور کتاب و سنت کا پابند ہونے سے دور ہو جاتے ہیں۔ پھر آگے کی آیت میں (ان بدنصیب لوگوں کا ذکر ہوا جو، دعوت و تبلیغ اور تلاوت قرآن کی آواز سن کر) نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مذاق اڑانے اور آوازے کسنے کے لیے چاروں طرف سے دوڑ پڑتے ہیں، کیا ان میں سے ہر ایک یہ طمع کرتا ہے کہ وہ (ایمان و عمل صالحہ کے بغیر) نعمتوں بھری جنت میں داخل کیا جائے گا۔۔۔؟ نہیں نہیں یہ تو (انکی) ایں خیال است و محال است جنوں، خود ساختہ تمنا ہے!!! جنت کے مستحق تو حقیقت میں وہی لوگ ہیں جنکے اوصاف حمیدہ کا اوپر ذکر ہوا۔

اختتامی طور پر آیت کریمہ 41 میں، بظاہر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے خطاب ہے، لیکن اس میں کفار کو جھنجوڑا گیا کہ یہ لوگ، آپؐ کا مذاق اُڑانے کیلئے چاروں طرف سے ٹوٹ پڑ رہے ہیں انھیں یہ بات خوب یاد رکھنی چاہئے کہ اگر نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی بات نہ مانو گے تو تمہاری جگہ اللہ تعالیٰ دوسروں کو اُٹھائے گا یعنی اللہ جب چاہے تمہیں ہلاک کر سکتا ہے اور تمہاری جگہ کسی دوسری قوم کو اُٹھا سکتا ہے جو تم سے بہتر ہوں۔ اس سلسلہ میں، حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی رحمہ اللہ لکھتے ہیں کہ۔۔۔۔۔ "یا یہ مطلب ہو کہ ان کفار مکہ کو ہنسی ٹھٹا کرنے دیجئے، ہم خدمت اسلام کے لئے اس سے بہتر قوم لے آئیں گے چنانچہ قریش کی جگہ اس نے "انصار مدینہ" کو کھڑا کر دیا۔ اور مکہ والے پھر بھی اس کے قابو سے نکل کر کہیں نہ جا سکے۔ آخر (انہیں) اپنی شرارتوں کے مزے چکھنے پڑے" (تفسیر عثمانی) لہٰذا ان کو اپنے حال پر چھوڑ دیجئے۔ کھیل میں پڑا رہنے دیجئے یعنی ان کے تمسخر کو خاطر میں نہ لایئے کیونکہ یہ لوگ قیامت ہی کی ذلت و رسوائی پر بضد ہیں تو انھیں اپنے ناپاک مشغلوں میں مبتلا رہنے دیں یہ خود اپنا برا انجام اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں گے۔ یعنی "خَاشِعَةً....يُوعَدُونَ" انکی نگاہیں جھکی ہوئی ہوں گی، "تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ" ذلت ان پر چھا جائے گی، اس لئے وہ اپنی نظروں کو اوپر اٹھا نہ سکیں گے یہ وہ دن ہوگا جس کا ان سے وعدہ کیا جا رہا ہے وہ ضرور پورا ہو کر رہے گا۔" (آیت 44) سورۃ المعارج میں مشرکین اور منکرین آخرت کے لئے بہت بڑا درس عبرت ہے۔۔۔۔۔! ہم سب اللہ کریم سے رحم و کرم کی امید کے ساتھ، دعا کرتے ہیں: تَوَفَّنِي مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِي بِالصّٰلِحِينَ۔ آمین

☆☆☆☆☆

